الفہرست اردو ترجمہ | تالیف محمد بن اسحاق بن ندیم الورّاق - اردو ترجمہ از مولانا محمد اسحاق بھٹی صفحات ۸۲۲، قیمت مجلد بیس روپے۔ ناشر: ادارہ ثقافت اسلامیہ کلب روڈ۔ لاہور۔

علوم و فنون اور کتب و مصنفین کی فہرست ایک مستقل علم کی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔ ابن ندیم کی کتاب الفہرست کو بھی اس موضوع میں وقیع اور امتیازی مقام حاصل ہے۔ ورّاق کی یہ کتاب چوتھی صدی ہجری تک کے علوم و فنون۔ سیر و رجال اور کتب و مصنفین کی مستند تاریخ سمجھی جاتی ہے۔ اس میں آسمانی صحائف، دنیا بھر کی مروجہ مذاہب، زبانیں اور ان کا اسلوب کتابت اور ارتقاء کے مراحل کے علاوہ مروجہ علوم آلیہ از قبیل لسانیات، عقلیات۔ نیز نجات اور پھر ان علوم کے مختلف مکاتب فکر کے بارہ میں اہم تفصیلات جمع کی گئی ہیں، ادارہ ثقافت اسلامیہ نے اس عربی کتاب کا اردو ترجمہ موجودہ شکل میں شائع کر کے اردو زبان میں ایک قابل قدر اضافہ کیا ہے۔ فاضل مترجم ہمارے کرم و محترم دوست مولانا محمد اسحاق بھٹی ہیں جنہوں نے اصل کتاب کے کئی مطبوعہ نسخے سامنے رکھ کر نہایت اہتمام سے اس کا ترجمہ کیا اور پھر ضروری اور مفید حواشی دے کر کتاب کی افادیت اور بڑھا دی۔ اگر ہر صفحہ کے حواشی اسی صفحہ کے نچلے حصہ میں دیدئے جاتے تو ان حواشی سے قاری زیادہ آسانی سے فائدہ اٹھا سکتا، عام تجربہ یہ ہے کہ سارے مقالہ کے اختتام میں حواشی یکجا طور پر دے دینا اس کی افادیت ختم کر دیتا ہے۔ سہل پسندی اور رواردی کے اس دور میں کسی حاشیہ کیلئے مضمون کا تسلسل توڑ کر اوراق گردانی کرنا کٹھن کام ہونے کے علاوہ ذوق مطالعہ کیلئے بھی گراں سی بات ہے۔ ذاتی ذوق تو یہی ہے کہ کسی متن سے متعلق کوئی حاشیہ اسی صفحہ کے ذیل میں دینا چاہئے۔ اس کے علاوہ کتاب میں دنیا کی مختلف زبانوں اور تحریر و کتابت کے جو نمونے دئے گئے ہیں ان کی طباعت اور عکاسی کا بھی زیادہ اہتمام ہونا چاہئے تھا تاکہ کسی خط کی اصل تصویر سامنے آسکتی۔ بہرحال ان دو ایک کتابتی اور طباعتی باتوں کو چھوڑ کر ایک نہایت وقیع اور اہم خدمت کی توفیق فاضل مترجم اور ناشر کو نصیب ہوئی ہے۔ ابن ندیم کے اس علمی شاہکار سے اب اردو داں طبقہ بھی مستفیض ہو سکے گا۔

ہدایۃ الحیران | مؤلفہ مولانا مفتی عبدالشکور ترمذی فاضل دیوبند۔ صفحات ۱۲۷، کتابت و طباعت متوسط، قیمت ۲/ روپے۔ ناشر: حسینیہ حنفیہ سلانوالی۔ سرگودھا۔

یہ کتاب مولانا حسین علی صاحب مرحوم کے افادات تفسیر جواہر القرآن مرتبہ مولانا غلام اللہ خان صاحب راولپنڈی کے ان مقامات پر عالمانہ اور سنجیدہ تنقید ہے جو مسلک جمہور اہل سنت کے خلاف ہیں رد بدعات کے لئے کتاب کی افادیت مسلّم ہونے کے باوجود ایسے مقامات کی نشاندہی ایک